السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگ کہتے ہیں کہ بیعت کرنا سنت ہے کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی متقی متورع متدین عالم سے جو بیعت کرنے کو ذریعہ معاش نہ بنائے بیعت ہونا یعنی اس کے ہاتھ پر توبہ کرنا اور عمل صالح کی پابندی کا عہد کرنا جائز اور مباح ہے، کمایدل علیہ حدیث عبادۃ بن الصامت المری فی الصحیحین فان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدبایع الصحابة علی الامور التی وکدت فی الحدیث الذی اشرنا الیہ بعد فتح مکة علی ماحققہ الحافظ فی شرح کتاب الایمان من صحیح الامام اللبخاری وکمایدل علیہ حدیث عوف بن مالک الاشجعی قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال الاتبایعون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ودہا ثلث مرات فقد منا ایدینا فبایعناہ فقلنا یا رسول اللہ بایعناک فعلی م قال علی ان تعبدو اللہ ولا تشرکو بہ شیئا والصلوات الخمس واسر کلمة خفیة ان لا تسئلوا الناس شیئا (نسائی ص ۴۹) عبیداللہ رحمانی دہلی محدث دہلی جلد ۸ ص ۱۲

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 10 ص 52

محدث فتویٰ